## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر فضائی حادثے پر یوم سوگ
## اسلام آباد میں فضائی حادثے میں ہلاکتوں پر کراچی سمیت ملک بھر میں فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد
## ایم کیوایم کے دفاتر پر متحدہ کے پرچم سرنگوں، سیاہ پرچم اور بینرز آویزاں

کراچی ۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر طیارہ حادثہ سانحہ مارگلہ میں مسافروں اور عملے کے جاں بحق ہونے پر ایم کیوایم کے تحت جمعرات کو ملک بھر میں ایک روزہ سوگ منایا گیا اور کراچی سمیت پورے ملک میں طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے اور تمام ہلاک شدگان کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ فاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے ارکان، حق پرست وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی اور فاتحہ خوانی کی جبکہ کراچی میں کاروباری زندگی پوری طرح بند رہی اور سڑکوں پر ٹریفک معمول سے انتہائی کم رہی۔ یومِ سوگ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور جھنڈا چوک پر ایم کیوایم کے پرچموں کو سرنگوں کر دیئے گئے۔ جبکہ کراچی کی طرح اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام زونز حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہ یار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہرو فیروز، بدین، لاڑکانہ، خیرپور، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ، کشمور اور جیکب آباد کے علاوہ صوبہ پنجاب کے اپر پنجاب زون، لوئر پنجاب زون، سینٹرل پنجاب زون، فیصل آباد زون، گجرانوالہ زون، صوبہ بلوچستان، آزادکشمیر اور گلگت بلتستان صوبائی و ضلعی دفاتر میں قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر کارکنان کی جانب سے فاتحہ خوانی کی اجتماعات منعقد کیے گئے اور فضائی حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدری اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔

## مسلم کانفرنس کے رہنماء سردار عتیق کو وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب ہونے پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم کانفرنس کے رہنماء سردار عتیق کو آزادکشمیر کے وزیراعظم منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے اور اپنی جانب سے سردار عتیق کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم آزادکشمیر سردار عتیق کی قیادت میں آزادکشمیر ترقی کریگا اور عوام کے مسائل حل ہونگے۔

## سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے حکومتی سطح پر تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، رابطہ کمیٹی
## طوفانی بارشوں اور سیلاب کی صورتحال کے باعث پاکستان کے مختلف صوبوں کے عوام کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور شدید جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب کے متاثرین کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا، صوبہ پنجاب اور صوبہ بلوچستان میں ہونے والی طوفانی بارشوں نے شدید تباہی مچادی ہے اور سیلابی ریلوں کے باعث نہ صرف شہری بے گھر ہوکر کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں بلکہ درجنوں افراد لقمہ اجل بن گئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ طوفانی بارشوں اور سیلاب کی صورتحال کے باعث پاکستان کے مختلف صوبوں کے عوام کو غذائی اجناس اور طبی امداد کی اشد ضرورت ہے اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کا فرض ہے کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، صوبہ خیبر پختونخوا، صوبہ پنجاب اور صوبہ بلوچستان کی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد کیلئے حکومتی سطح پر تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں اور انہیں غذائی اجناس کی فراہمی اور طبی امداد کی فراہمی کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن نذیر خان کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے عوامی نیشنل پارٹی کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 1 کے کارکن نذیر خان کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ اے این پی میں لینڈ مافیا،ڈرگ مافیا، قبضہ مافیا عناصر شامل ہیں جو شہر میں ایم کیو ایم کے مظلوم کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا رہے ہیں اور ایک سازش کے ذریعے شہر کا امن تباہ و برباد کررہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی کہا کہ گزشتہ دن بھی ایم کیو ایم کے کارکن نذیر خان کے والد ودود خان نے کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس میں بتایا کے میرے بیٹے کے قاتلوں جنکا تعلق عوامی نیشنل پارٹی سے ہے اور ان کو گرفتار بھی کر لیا گیا ہے ان کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ اے این پی کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان کی قتل و غارت گری کا نوٹس لیں اور اے این پی کے دہشت گردوں کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے ۔انہوں نے شہید نذیر خان کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر وجمیل کی دعا کی ۔

## سائٹ ٹاؤن پیرآباد میں بلڈنگ مخدوش ہونے سے ہلاکتوں پر اقبال قادری ایڈووکیٹ کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری ایڈووکیٹ نے حالیہ بارشوں کے باعث سائٹ ٹاؤن کے علاقے پیر آباد میں بلڈنگ مخدوش ہونے کے باعث ایک ہی خاندان کے چھ افراد کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ ،صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پیر آباد میں بلڈنگ مخدوش ہونے کے باعث جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین کو معاوضہ ادا کیا جائے۔ایک بیان میں اقبال قادری ایڈووکیٹ نے جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہلاک شدگان کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد کا حق پرست نمائندوں کے ہمراہ لیاقت آباد ٹاؤن اور صدر ٹاؤن کے بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست صوبائی وزراء رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد نے حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، انور عالم اور ریحان ظفر کے ہمراہ لیاقت ٹاؤن کے مختلف علاقوں اور ایم اے جناح روڈ کا دورہ کیا اور کراچی میں حالیہ بارشوں کے باعث صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر ای ڈی او میونسپل سروسز مسعود عالم، ای ڈی او ورکس اینڈ سروسز رشید مغل، لیاقت آباد ٹاؤن کے ایڈمنسٹریٹر خالد ریاض صدیقی، صدر ٹاؤن کے ایڈمنسٹر مختار حسین اور ڈسٹرکٹ آفیسر بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں نے شہریوں سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے اور سڑکوں سے نکاسی آب، ٹریفک کی روانی کے کاموں کا جائزہ لیا اور اسے مزید تیز کرنے پر زور دیا۔انہوں نے لیاقت آباد انڈر بائی پاس، گجر نالے اور صدر ٹاؤن کے علاقے ایم اے جناح روڈ، اولڈ کے ایم سی بلڈنگ، ڈینسو ہال، بولٹن مارکیٹ، میری ویدر ٹاور، جی الانہ روڈ، کھارادر، لیمارکیٹ، پکچر نالہ، ٹمبر مارکیٹ، گھاس منڈی، جملہ پمپنگ اسٹیشن اور رنچھوڑ لائن سمیت دیگر علاقوں کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور بارشوں سے اطراف کی آبادیوں کو محفوظ بنانے کیلئے احکامات جاری کیے۔اس موقع پر انہوں نے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم اس مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہے اور بلاتفریق رنگ ونسل عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے اقدامات کررہی ہے۔شہریوں نے ایم کیو ایم کی جانب سے ریلیف کے کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات ہی ہیں کہ حق پرست نمائندے اور ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکنان سڑکوں پر نکل آئے جنہوں نے چند منٹوں میں نکاسی آب اور ٹریفک روانی کے کاموں میں حصہ لیتے ہوئے عوام کی خدمت کی ۔

## ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن خواجہ رفیق انجم کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن ومعروف شاعر خواجہ رفیق انجم کے چھوٹے بھائی مولانا لئیق حسین نجفی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے خواجہ رفیق انجم سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولانا لئیق حسین نجفی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## فضائی حادثے میں جاں بحق ہونے والے 5افراد کو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،حق پرست نمائندوں اور دیگر کی شرکت
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کراچی ائیر پورٹ پر مزید چھ میتیں وصول کر کے ورثاء کے حوالے کر دی
## کراچی ائیر پورٹ پر انتہائی رقت آمیز مناظر،ورثاء اپنے پیاروں کے جنازے دیکھ کر شدید غم سے نڈھال
## رابطہ کمیٹی کے ارکان وایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران نے سوگوار ورثاء کو دلاسہ دیا

کراچی۔۔۔29، جولائی 2010ء

اسلام آباد مارگلہ پہاڑیوں پر پیش آنیوالے فضائی حادثے کے جاں بحق ڈیفنس کے رہائشی مہران بلڈرز کے مالکان فیصل اوران کے بھائی عاطف ،گلستان جوہر بلاک 5 مکان نمبرB/236 کے رہائشی آصف شیراز اوران کی اہلیہ عائشہ آصف شیراز،سید منتجیب احمد،گلستان جوہر بلاک 15 کے رہائشی سید ارسلان احمد،گلستان جوہر بلاک 14 مکان کے رہائشی سیدہ رباب زہرہ نقوی اوران کے انکل بلال جامی،رفاع عام سوسائٹی ملیر ہالٹ کے رہائشی اویس بن لئیق،حیدرآباد لطیف آباد کے رہائشی جاوید حسین خان اوراندرون سندھ کے شہر سانگھڑ کے رہائشی اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے پریم چند کے جسد خاکی کارگو کے ذریعے اسلام آباد سے جمعرات کی صبح کراچی کے جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ پہنچ گئے ،جنہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست منتخب نمائندوں اور مرحومین ان کے اہلخانہ نے وصول کیا،اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے اور مرحومین کے اہلخانہ ایک دوسرے سے گلے مل کر رور ہے تھے اور شدید غم سے نڈھال تھے جنہیں موقع پر موجود متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون،حق پرست وزراء وارا کین اسمبلی خالد عمر،اقبال محمد علی،نشاط محمد ضیا،وسیم احمد اور دیگر ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔دریں اثناء ڈیفنس خیابان حافظ فیز 5 کے رہائشی مہران بلڈرز کے مالکان فیصل اوران کے بھائی عاطف کو گذری قبرستان،گلستان جوہر کے رہائشی آصف شیرازی اوران کی اہلیہ عائشہ آصف کو یٹین آباد قبرستان،سید منتجیب کو ماڈل کالونی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔فیصل ،عاطف،آصف شیرازی،عائشہ آصف شیرازی،سید منتجیب احمد کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست منتخب عوامی نمائندوں،ایم کیوایم کے ذمہ داران،علاقائی سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان کے علاوہ علاقے کے عوام اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا جبکہ جمعرات کی شام کراچی ایئرپورٹ پہنچنے والی سید ارسلان احمد،سیدہ رباب زہرہ نقوی، بلال جامی،اویس بیب لئیق، جاوید حسین خان اور پریم چند کی میتیں کراچی ائیر پورٹ سے ان کے گھروں کو روانہ کر دی گئی جہاں سے ان کی تدفین کے انتظامات آئندہ چند گھنٹوں میں عمل میں لائے جائیں گے۔واضح رہے کہ کراچی ائیر پورٹ پر ایم کیوایم کی جانب سے انفارمیشن سیل بھی قائم کر دیا ہے جہاں موجود ایم کیوایم کے ذمہ داران،حق پرست منتخب عوامی نمائندے اور رابطہ کمیٹی کے ارکان مرحومین کے ورثاء کو نہ صرف مکمل معلومات فراہم کررہے ہیں بلکہ ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون بھی کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆